حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: قدرتِ الٰہی کے دائرے میں ان تین اصطلاحات "ممکن"، "واجب" اور "محال" کی مختصر تعریف الگ الگ ایک ایک سطر میں بیان کریں۔

سوال نمبر 2: "قدیم" (ازلی) شے کو قادر کے فعل کی طرف منسوب کیوں نہیں کیا جاتا؟

سوال نمبر 3: ایسی دو مثالیں دیں جو "قدرتِ قدیمہ" کے تحت داخل نہیں اور وجہ بھی بتائیں۔

سوال نمبر 4: آیت کے عموم "اللہ ہر چیز پر قادر ہے" کو اس طرح کیسے سمجھا جائے کہ "واجب" اور "محال" شامل نہ ہوں؟

سوال نمبر 5: قدرت اور ارادہ کا تعلّق کن اشیا سے ہوتا ہے اور کن سے نہیں؟ مختصر اصول "فقط ممکنات" کی بنیاد پر لکھیں۔

سوال نمبر 6: "مقدور" کی تعریف ایک سطر میں کیجئے اور بتائیں اس کی صحت کا مدار "امکانِ ذاتی" پر کیوں ہے؟

سوال نمبر 7: اس شبہ کا اصولی جواب دیں کہ "محالات پر قدرت نہ ماننا" معاذ اللہ عجز لازم کرتا ہے۔

سوال نمبر 8: اگر "محالات" پر بھی قدرت مان لی جائے تو الوہیت پر کون سا باطل لازم آتا ہے؟

سوال نمبر 9: "علمِ الٰہی" کا دائرہ "قدرتِ الٰہی" سے کس معنی میں وسیع ہے؟

سوال نمبر 10: اللہ تعالیٰ کا علم کن چیزوں کو محیط ہے؟

سوال نمبر 11: "آخر النبیین" سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 12: واقعۂ معراج کے بیان میں امتِ محمدیہ کو "سب سے آخر میں لانا" کس مصلحت کے لیے بتایا گیا؟

سوال نمبر 13: لقب "مُقَفّی" کا مفہوم کیا ہے اور ختمِ نبوت کے باب میں یہ لقب کیوں اہم ہے؟

سوال نمبر 14: لقب "فارقلیطا" ختمِ نبوت کے استدلال میں کیا وزن رکھتا ہے؟

سوال نمبر 15: جبریلِ امین کے بیان "تم پر انبیاء کو ختم کیا" سے کیا اصول ثابت ہوتا ہے؟

سوال نمبر 16: راہب کی قبل از اسلام بشارت سے ختمِ نبوت کے اثبات پر کون سا تاریخی قرینہ ملتا ہے؟

سوال نمبر 17: مقوقس (شاہِ مصر) اور اہلِ کتاب کے علماء کی شہادتیں ختمِ نبوت کی دلیل میں کیوں معتبر قرائن سمجھی جاتی ہیں؟

سوال نمبر 18: متن کے مطابق قدیم اہلِ کتاب نے ختمِ نبوت مانا جبکہ بعض معاصر منکرین کیوں پیدا ہوئے؟ دو ممکنہ اسباب لکھیں۔

سوال نمبر 19: "نامِ محمد ﷺ کا نامِ الٰہی کے ساتھ ملا کر ذکر ہونا" ختمِ نبوت کے مفہوم میں کیا اشارہ رکھتا ہے؟

سوال نمبر 20: ختمِ نبوت کے انکار کے ایک سماجی / دینی نقصان کا ذکر کیجئے۔

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: "خلفِ وعید" اور "کذبِ الٰہی" کے مابین فرق اور ان دونوں کے درمیان ربط کو واضح کیجئے نیز خلفِ وعید جائز اور کذبِ الٰہی قطعی محال کیوں؟

سوال نمبر 2: کذب باری تعالیٰ کو محال اور اس کے امکان کو قبیح قرار دینے کے لیے علماء کرام اور فلاسفہ نے کیا دلائل قائم کیے ہیں؟ ان دلائل کو تفصیل بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: سبحان السبوح رسالہ کا دس لائنوں میں خلاصہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: رسول اللہ کو خاتم النبیین قرار دیئے جانے کا مفہوم کیا ہے؟ نیز عقیدہ ختمِ نبوت کی شان اور دلائل بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: نبی کریم ﷺ کی بعثت، ختمِ نبوت اور آپ ﷺ کے مقام و صفات کو اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ نے کس انداز سے ثابت کیا ہے؟

رول نمبر: _____

سالانہ امتحان 2026ء/1447ھ

کنزالمدارس بورڈ

KANZ-UL-MADARIS BOARD

درجہ: کلیۃ الشریعۃ سمسٹر 5 پرچہ: تیسرا مضمون: العقیدۃ

تاریخ: 24-01-2026 دن: ہفتہ کل وقت: 30 منٹ کل نمبر: 25

امتحانی سنٹر: _____ دستخط نگران امتحانی سنٹر: _____ دستخط مقنش: _____

دستخط اُمیدوار: _____

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: ((سبحان السبوح عن کذب عیب مقبوح)) آغاز میں اللہ ربّ العزت کے لیے کون سا وصف بنیادی طور پر بیان ہوا ہے؟

(الف) ہر عیب سے پاکیزگی (ب) قدرت کی کمی (ج) جہل کی نسبت (د) قول میں تردد

سوال نمبر 2: تمام رسولوں کے بارے میں ((سبحان السبوح عن کذب عیب مقبوح)) کا ابتدائی رویہ کیا ہے؟

(الف) ان پر تنقید (ب) ان کے ذکر سے سکوت (ج) ان پر سلام اور درود (د) ان کے تفریق

سوال نمبر 3: "تمام حمد اسی کے لیے" کہنے سے کون سا عقیدہ ظاہر ہوتا ہے؟

(الف) کائنات خود بخود چل رہی ہے (ب) اللہ ربّ العالمین ہے (ج) صفات الٰہیہ کا انکار (د) ربوبیت کا جزوی ہونا

سوال نمبر 4: ذاتِ باری تعالیٰ کے بارے کون سے اوصاف کی نفی کی گئی ہے؟

(الف) علم اور حکمت (ب) کذب، جہل، بے تدبیری (ج) حلم اور رحمت (د) قدرت اور ارادہ

سوال نمبر 5: کمالِ قدوسیت و سبوحیت کے تحت کس چیز کی نفی مقصود ہے؟

(الف) صفاتِ کمال (ب) نقص اور عیب کی تمام نسبتیں (ج) رحمت کی وسعت (د) ربوبیت کی عمومیت

سوال نمبر 6: "اس کا فرمان حق اور وعدہ سچا ہے" کہنے کا مقصد کیا ہے؟

(الف) وعدہ خلافی کا امکان (ب) کلام الٰہی کی صداقت (ج) خبر کی غیر یقینی حیثیت (د) ارادے میں تغیر

سوال نمبر 7: کلامِ مقدس فیصلہ کن ہے، مذاق و ٹھٹھا نہیں، اس سے کیا لازم آتا ہے؟

(الف) احکام غیر سنجیدہ ہیں (ب) وحی حجت اور قطعی ہے (ج) وحی محض تاریخی بیان ہے (د) وحی صرف اخلاقی ادب ہے

سوال نمبر 8: ذات اور صفات کے قدیم ہونے کا لازمی نتیجہ کیا ہے؟

(الف) حادث قدیم میں قائم رہ سکتا ہے (ب) قدیم میں تغیر ممکن ہے (ج) حادث قدیم میں قائم نہیں رہ سکتا (د) صفات کا حدوث لازم ہے

سوال نمبر 9: کلام اور صدق کے ازلی ہونے سے کون سی بات ناممکن ٹھہرتی ہے؟

(الف) کلام میں جھوٹ کا پیدا ہونا (ب) وحی کا نازل ہونا (ج) نبوت کا اثبات (د) وعدہ کا پورا ہونا

سوال نمبر 10: حضورِ اقدس ﷺ کے لیے ((سبحان السبوح عن کذب عیب مقبوح)) میں کون سا جامع وصف آیا؟

(الف) مجتہدِ محدود (ب) صرف مبلغ (ج) صرف سیاسی قائد (د) صادق و مصدوق اور سردارِ مخلوق

سوال نمبر 11: رسولِ اکرم ﷺ کے بارے "حق کی طرف بلانے والے بطریقِ حق" سے کیا مراد ہے؟

(الف) ذاتی خواہش اور رائے پر مبنی دعوت (ب) دلیل، حکمت اور راستی کے ساتھ دعوت

(ج) محدود مواقع پر رسمی دعوت (د) مخصوص طبقے تک محدود دعوت

سوال نمبر 12: "ان کی کتاب حق جو حق کے ساتھ نازل ہوئی" اس بیان کا مفہوم کیا ہے؟

(الف) کتاب کی صداقت میں احتمال (ب) کتاب کا صدق اور نزولِ برحق (ج) کتاب کا صرف تاریخی ماخذ ہونا (د) کتاب کا محض علامتی ہونا

سوال نمبر13:عقیدۂ توحید کے بیان میں گواہی کی بنیاد کیا رکھی گئی؟

(الف)روایتِ عوام (ب)اللہ وحدہٗ لاشریک لہ (ج)کثرتِ آراء (د)فلسفی احتمالات

سوال نمبر14:رسولِ اکرم ﷺ کی رسالت کے اثبات کے ساتھ کون سی صفت کا ذکر ہے؟

(الف)ظاہری قوت وغلبہ (ب)صدقِ دعویٰ اور حق کی ترسیل (ج)تبلیغ میں خاموشی (د)اعتدال میں تردد

سوال نمبر15:((جزاؤ اللہ عدوہ))کے مطابق ایمان کی بنیادی گواہیوں کے ساتھ کون سا عقیدہ "فرضِ اجل" قرار دیا گیا ہے؟

(الف)تقدیر پر ایمان (ب)ختمِ نبوت پر قطعی یقین (ج)کراماتِ اولیاء کا اقرار (د)قیامت کی تفصیلی بحث

سوال نمبر16:جو شخص رسولِ اکرم ﷺ کے بعد کسی نئے نبی کی بعیت کو ممکن سمجھے،اس کی شرعی حیثیت کیا بتائی گئی ہے؟

(الف)بدعتی (ب)گمراہ مگر دائرہ اسلام میں (ج)کافر اور ملعون (د)قابل عفو

سوال نمبر17:جس نے ختمِ نبوت کے منکر کو کافر نہ جانا یا اس کے کفر میں شک کیا اس کے بارے متن کا حکم کیا ہے؟

(الف)فاسق (ب)کافر (ج)محض خطاکار (د)توقف لازم

سوال نمبر18:جس نے اسلام سے باہر والے کے کفر میں شک کیا یا اسے صحیح مذہب والا سمجھا اس کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

(الف)معذور (ب)کافر (ج)محض تاویل کرنے والا (د)مبتدع

سوال نمبر19:ختمِ نبوت کے دفاع میں نصوص کے بیان کرنے کے ضمن میں ایک مقصد کیا بتایا گیا؟

(الف)مناظرانہ مہارت پیدا کرنا (ب)نئے نظریات وضع کرنا

(ج)باطل دعووں کی تردید اور حق واضح کرنا (د)ادبی ذوق کی تسکین

سوال نمبر20:حضورِ اقدس ﷺ کے لیے کون سی جامع ترکیب بیان کی گئی ہے؟

(الف)پیدائش میں بھی آخر اور بعثت میں بھی آخر (ب)پیدائش میں آخر اور بعثت میں اول

(ج)پیدائش میں اول اور بعثت میں آخر (د)دونوں میں وسط

سوال نمبر21:ختمِ نبوت کا ثبوت کس درجے کی دلیل سے بتایا گیا ہے؟

(الف)تاریخی شواہد (ب)ظنی رویات (ج)قرآنِ مجید کی قطعی نص (د)محض اجتہاد

سوال نمبر22:"ضروریاتِ دین" میں تردد رکھنے کا حکم کیا بتایا گیا ہے؟

(الف)قابل معافی (ب)انکار کے حکم میں (ج)صرف گناہِ صغیرہ (د)مکروہ

سوال نمبر23:احادیث کے تکرارِ ذکر کا ایک بنیادی فائدہ کیا بتایا گیا ہے؟

(الف)اسلوب میں حسن (ب)ایمان کی بنیاد کا استحکام (ج)تاریخی معلومات میں اضافہ (د)لسانی مہارت

سوال نمبر24:جو شخص کچھ مقدس شخصیات کو "نبی" سمجھتے ہوئے بھی ختمِ نبوت کا اقرار کرتا ہو—اس کے موقف کی خرابی کیا ہے؟

(الف)فقہی اختلاف (ب)تاریخی اشکال (ج)اپنے ہی قول کی صریح تردید (د)ادبی مبالغہ

سوال نمبر25:((جزاؤ اللہ عدوہ))کے مصنف کے نزدیک منکرِ ختمِ نبوت کے بارے فتویٰ کی نسبت کس بنیادی ماخذ کی طرف ہے؟

(الف)ذاتی رائے (ب)سیاسی مصلحت (ج)شریعت کا قطعی فیصلہ (د)عرفِ عام

رول نمبر: _____

جوابی کاپی نمبر: _____

سالانہ امتحان 2026ء/1447ھ

کنزالمدارس بورڈ

درجہ: کلیۃ الشریعۃ سمسٹر 5 | پرچہ: چوتھا | مضمون: الفقہ

تاریخ: 26-01-2026 | دن: پیر | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75

KANZ-UL-MADARIS BOARD

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: بیع سے کیا مراد ہے اور اس کے منعقد ہونے کی بنیادی شرائط کیا ہیں؟

سوال نمبر 2: قول سے ہونے والی بیع کے لازمی ارکان کون سے ہیں؟

سوال نمبر 3: مختلف کرنسیوں کے رائج ہونے کی صورت میں بیع کرتے وقت کون سی احتیاط لازم ہے؟

سوال نمبر 4: گھریا زمین فروخت کرنے میں دلالۃً کون سی چیزیں شامل سمجھی جاتی ہیں؟

سوال نمبر 5: مبیع کو کیل / پیمائش کرنے والے اور ثمن کو جانچنے والے کی اجرت کس کے ذمہ ہوتی ہے؟

سوال نمبر 6: جب سامان کے بدلے سامان یا ثمن کے بدلے ثمن فروخت ہو تو حوالگی کا درست طریقہ کیا ہے؟

سوال نمبر 7: خیارِ شرط کسے کہتے ہیں اور یہ کن کے لیے جائز ہے؟

سوال نمبر 8: مدتِ خیار کے اندر مبیع مشتری کے ہاتھ میں ہلاک ہو جائے تو ذمہ داری کس پر ہو گی؟

سوال نمبر 9: جس شخص کو خیارِ شرط حاصل ہو، اسے فسخ یا نفاذ کے کیا اختیارات حاصل ہوتے ہیں؟

سوال نمبر 10: خیارِ رؤیت کیا ہے اور بلا دیکھے خریداری کے بعد عیب نکل آئے تو مشتری کا کیا حق بنتا ہے؟

سوال نمبر 11: بائع نے بغیر دیکھے چیز بیچی ہو تو کیا اسے بھی خیارِ رؤیت ملتا ہے؟

سوال نمبر 12: خیارِ رؤیت رکھنے والا شخص فوت ہو جائے تو اس اختیار کا کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 13: خیارِ عیب کی تعریف کیجئے اور وہ کون سی حالت ہے جس میں مشتری کو یہ حق ملتا ہے؟

سوال نمبر 14: بغیر جانے عیب دار چیز خریدنے کے بعد اگر مزید عیب لاحق ہو جائے تو مشتری کے لیے کیا راستہ باقی رہتا ہے؟

سوال نمبر 15: بیعِ فاسد کیا ہے اور بیعِ باطل سے اس کا بنیادی فرق کیا ہے؟

سوال نمبر 16: سود (ربا) کی جامع تعریف کیجئے اور اس کا شرعی حکم کیا ہے؟

سوال نمبر 17: کیا ایک ہی جنس کی اچھی اور گھٹیا چیز کمی بیشی کے ساتھ آپس میں بیچی جا سکتی ہے؟ دلیلِ حکم بیان کیجئے۔

سوال نمبر 18: بیعِ سلم کیا ہے اور کن چیزوں میں یہ درست ہوتی ہے؟

سوال نمبر 19: بیعِ سلم میں راس المال (نقد رقم) کے قبضے کے حوالے سے کیا اصول مقرر ہے؟

سوال نمبر 20: اجارہ کی اصطلاحی تعریف کیجئے اور اجیرِ خاص اور اجیرِ مشترک میں ایک بنیادی فرق لکھئے۔

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: بیع کے ارکان و شرائط کو مثالوں کے ساتھ واضح کیجئے، اور بتائیں کہ کن صورتوں میں ایجاب و قبول کے باوجود عقد فاسد یا باطل ہو جاتا ہے؟

سوال نمبر 2: خیارِ شرط، خیارِ رؤیت اور خیارُ العیب — تینوں کی تعریف، مدت / حدود اور عملی مثالیں لکھئے۔

سوال نمبر 3: بیعِ سلم کے صحیح ہونے کی ضروری شرائط اور ممنوع صورتیں تفصیل سے بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: اجارہ کے بنیادی اصول، اجیرِ خاص و مشترک کے احکام، اور اجرت کے استحقاق کی صورتیں مع معاصر مثالیں بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: مضاربت کی تعریف، ارکان و شرائط، نفع و نقصان کی تقسیم کا طریقہ، اور کن حالات میں مضارب ضامن قرار پاتا ہے؟ تفصیل سے لکھئے۔

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: دو شخصوں کا باہم مال کے بدلے مال کا مخصوص طریقے سے تبادلہ کیا کہلاتا ہے؟

(الف) ہبہ (ب) قرض (ج) بیع (د) عاریت

سوال نمبر 2: اگر بیع قول سے ہو تو اس کے بنیادی ارکان کون سے ہیں؟

(الف) گواہ اور لکھنا (ب) ایجاب اور قبول (ج) قبضہ اور حوالگی (د) شرط اور مدت

سوال نمبر 3: بیع کبھی قول سے ہوتی ہے اور کبھی فعل سے، اگر بیع فعل سے ہو تو اس کے ارکان کیا ہیں؟

(الف) صرف ایجاب (ب) صرف قبول (ج) مبیع و ثمن کا تبادلہ (د) صرف مجلسِ عقد

سوال نمبر 4: ایجاب و قبول کے بعد اصل حکم کیا ہے؟

(الف) دونوں کو رجوع کا اختیار باقی رہتا ہے (ب) بیع لازم ہو جاتی ہے

(ج) صرف بائع رجوع کر سکتا ہے (د) صرف مشتری رجوع کر سکتا ہے

سوال نمبر 5: اگر مبیع میں عیب نکلا یا چیز دیکھی نہ تھی تو سودے کے توڑنے کا حکم کیا ہے؟

(الف) ناجائز (ب) جائز (ج) صرف بائع کو حق (د) صرف مشتری کو حق

سوال نمبر 6: ہم جنس چیز کو صرف اشارے سے، مقدار معلوم کیے بغیر بیچ دینا کیسا ہے؟

(الف) جائز (ب) ناجائز (ج) مکروہ تنزیہی (د) موقوف بر اجازتِ قاضی

سوال نمبر 7: مختلف کرنسیوں کے رواج والے مقام پر کرنسی غیر متعین رکھ کر بیع کرنے کا حکم کیا ہے؟

(الف) باطل (ب) فاسد (ج) صحیح (د) مکروہ

سوال نمبر 8: ایسا پتھر جس کا وزن معلوم نا ہو یا ایسا برتن جس کی مقدار معلوم نا ہو، اس سے بیع کرنا جبکہ فریقین راضی ہوں، کیا حکم ہے؟

(الف) باطل (ب) جائز (ج) فاسد (د) مکروہ

سوال نمبر 9: "ہر بکری ایک درہم کے بدلے" کہہ کر پورا ریوڑ بیچنا امامِ اعظم ابو حنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک کیا حکم رکھتا ہے؟

(الف) صحیح (ب) فاسد (ج) باطل (د) مکروہ

سوال نمبر 10: یہی معاملہ (ہر بکری ایک درہم کے بدلے) صاحبین کے نزدیک کیا حکم رکھتا ہے؟

(الف) باطل (ب) جائز (ج) مکروہ (د) موقوف

سوال نمبر 11: کیل یا پیمائش کرنے والے کی اجرت کس پر لازم ہے؟

(الف) مشتری (ب) بائع (ج) جس کے کہنے پر کیل ہو (د) عاملِ کیل

سوال نمبر 12: ثمن کا وزن کرنے والے کی اجرت کس پر ہوتی ہے؟

(الف) بائع (ب) مشتری (ج) گواہ (د) صراف

سوال نمبر13: جب سامان کے بدلے سامان یا ثمن کے بدلے ثمن بیچا جائے تو حوالگی کیسے ہو گی؟

(الف) پہلے بائع حوالہ کرے (ب) پہلے مشتری حوالہ کرے (ج) بیک وقت تبادلہ (د) بعد از مجلس

سوال نمبر14: عقد میں یہ شرط رکھنا کہ "منظور نہ ہوا تو بیع باقی نہ رہے" کس نام سے معروف ہے؟

(الف) اقالہ (ب) خیارِ رؤیت (ج) خیارِ شرط (د) خیارِ مجلس

سوال نمبر15: خیارِ شرط کن کے لیے جائز ہے؟

(الف) صرف مشتری (ب) صرف بائع (ج) دونوں فریقین (د) صرف وکیل / نمائندہ

سوال نمبر16: امامِ اعظم کے نزدیک خیارِ شرط کی زیادہ سے زیادہ مدت کیا ہے؟

(الف) ایک دن (ب) دو دن (ج) تین دن (د) پانچ دن

سوال نمبر17: صاحبین کے نزدیک خیارِ شرط کی مدت کے بارے میں کیا موقف ہے؟

(الف) صرف ایک دن (ب) تین دن سے زیادہ بھی ہو سکتی ہے (ج) صرف تین دن (د) مدت رکھنا درست نہیں

سوال نمبر18: مدتِ خیار کے اندر قبضہ کے بعد مبیع مشتری کے ہاتھ سے ہلاک ہو جائے تو ذمہ داری کس پر آئے گی؟

(الف) ذمہ داری نہیں (ب) مشتری ذمہ دار (ج) بائع ذمہ دار (د) گواہان ذمہ دار

سوال نمبر19: مبیع مشتری کے ہاتھ ہلاک ہو جائے تو ادائیگی کس چیز کی کی جائے گی؟

(الف) ثمنِ مقرر (ب) مثل / قیمتِ مبیع (ج) اجرتِ عامل (د) تاوانِ عرفی

سوال نمبر20: صاحبِ خیار اپنے اختیار کو کب استعمال کر سکتا ہے؟

(الف) صرف مدت کے بعد (ب) مدت کے اندر (ج) جب چاہے بغیر مدت (د) صرف مجلسِ عقد میں

سوال نمبر21: حاملِ خیارِ شرط کے انتقال کے بعد یہ اختیار ورثہ کو ملتا ہے یا نہیں؟

(الف) منتقل نہیں ہوتا (ب) منتقل ہو جاتا ہے (ج) صرف بائع کے ورثہ کو (د) صرف مشتری کے ورثہ کو

سوال نمبر22: بغیر دیکھے خریدنے کے بعد عیب نکل آئے تو یہ کون سا اختیار کہلاتا ہے؟

(الف) خیارِ شرط (ب) خیارِ رؤیت (ج) خیارِ مجلس (د) خیارِ تاخیر

سوال نمبر23: بندوں کے سودے میں نیتِ خرید کے بغیر دام بڑھا کر قیمت چڑھانا کس نام سے موسوم ہے؟

(الف) مزابنہ (ب) نجش (ج) تلجئہ (د) سلم

سوال نمبر24: جمعہ کی اذان کے وقت کی جانے والی بیع احناف و شوافع و جمہور کے نزدیک کیا حکم رکھتی ہے؟

(الف) جائز (ب) مکروہ / ممنوع فی الوقت (ج) باطل (د) خلافِ اولیٰ

سوال نمبر25: جس بیع میں ثمن کی جنس ہی پر معاملہ ہو اور مجلس کے اندر دونوں عوضوں پر فوری قبضہ شرط ہو، اسے کیا کہتے ہیں؟

(الف) صرف (ب) مرابحہ (ج) سلم (د) اقالہ

سالانہ امتحان 2026ء/1447ھ
کنزالمدارس بورڈ
KANZ-UL-MADARIS BOARD

درجہ: کلیۃ الشریعۃ سمسٹر 5 پرچہ: دوسرا مضمون: الحدیث
تاریخ: 22-01-2026 دن: جمعرات کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ کل نمبر: 75

رول نمبر: _____

جوابی کاپی نمبر: _____

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: حضرت ابو بکر نے اُن لوگوں سے قتال کا فیصلہ کیوں کیا جنہوں نے نماز ادا کی لیکن زکاۃ نہ دی؟

سوال نمبر 2: زکاۃ مال کا حق ہے، اس اصول کا عملی مطلب کیا بنتا ہے؟

سوال نمبر 3: کن تین چیزوں کی کم از کم مقدار پوری نہ ہو تو زکاۃ لازم نہیں ہوتی؟

سوال نمبر 4: زکاۃ لینے والا عامل کو کس درجے کے جانور لینے سے روکا گیا ہے اور اس ممانعت کی وجہ بھی بیان کریں؟

سوال نمبر 5: تجارت کے لیے تیار کیے گئے مال پر زکاۃ کا کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 6: زکوۃ کی فرضیت کے لئے چاندی اور سونے کی کم از کم مقدار اور شرحِ زکاۃ کیا بیان ہوئی ہے؟

سوال نمبر 7: ایک وسق سے مراد کتنی مقدارِ غلہ ہے؟

سوال نمبر 8: حضرت عبد اللہ بن مسعود کی روایت کے مطابق نکاح پر قدرت رکھنے والے نوجوان کے لیے بنیادی ہدایت کیا ہے؟

سوال نمبر 9: عورت سے نکاح چار چیزوں کی بنا پر کیا جاتا ہے، ان چار بنیادوں کے نام لکھئے اور بتائیں کہ ترجیح کس کو دینی چاہیے؟

سوال نمبر 10: نبی ﷺ نے حضرت جابر کو کن حالات میں باکرہ (کنواری) سے نکاح کی ترغیب دی؟

سوال نمبر 11: ایسی عورت جو لوگوں کے ہاتھ نہ روکے (بدکرداری کا اندیشہ ہو) اس کے بارے میں سوال کرنے والے صحابی کو کیا عملی ہدایت دی گئی؟

سوال نمبر 12: آزاد کی ہوئی باندی سے نکاح کرنے والے شخص کے لیے کیا فضیلت بیان ہوئی؟

سوال نمبر 13: رضاعت (دودھ پلانے) کے باب میں عمومی قاعدہ کیا ہے کہ کون سے رشتے حرام ہوتے ہیں؟

سوال نمبر 14: کن عورتوں کو آپس میں جمع کر کے نکاح کرنا ممنوع ہے؟ کم از کم دو مثالیں لکھیں۔

سوال نمبر 15: حضرت ابنِ عباس کے قول کے مطابق حاملہ اور دودھ پلانے والی کے لیے فدیہ / افطار کا کیا حکم مذکور ہے؟

سوال نمبر 16: رمضان کے مہینے کے 29 یا 30 ہونے کی تعیین کس اصول سے ہوتی ہے؟

سوال نمبر 17: اگر ایک شہر میں چاند نظر آجائے اور دوسرے میں ایک رات بعد نظر آئے تو حضرت ابنِ عباس نے کیا طرزِ عمل اختیار کیا؟

سوال نمبر 18: یومِ شک کے روزے کے بارے میں حضرت عمار بن یاسر کا واضح قول کیا نقل ہوا ہے؟

سوال نمبر 19: سحور کی تاکید میں نبی ﷺ نے اہلِ کتاب کے روزے سے ہمارے روزے کی امتیازی علامت کیا بتائی؟

سوال نمبر 20: فجر صادق کی حد شناسی میں "الخیط الأبیض من الخیط الأسود" کی آیت پر عدی بن حاتم کے واقعے سے کیا مراد واضح ہوئی؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: نقدی، زیورات اور تجارتی سامان کی زکاۃ پر ایک مفصل نوٹ لکھیں۔

سوال نمبر 2: نکاح کے ممنوع اور فاسد طریقوں پر مفصل نوٹ لکھئے۔

سوال نمبر 3: رضاعت کے احکام پر تفصیلا بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: رؤیتِ ہلال کے مسئلہ کا جامع اصول بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: سحور و فجر صادق: سحور کی برکت و امتیاز، اذانِ بلال و وقتِ امساک، فجر کاذب / صادق کی علامتیں دلائل کے ساتھ جامع نقشہ پیش کیجئے۔

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: سیدنا ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کن لوگوں سے قتال کا ارادہ کیا؟

(الف) نماز چھوڑنے والوں سے (ب) حج نہ کرنے والوں سے (ج) روزہ چھوڑنے والوں سے (د) زکوٰۃ کا انکار کرنے والوں سے

سوال نمبر 2: سیدنا عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آخر کار ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فیصلے کو کیوں حق سمجھا؟

(الف) قبائلی دباؤ سے (ب) سیاسی صلح کی وجہ سے (ج) مالی ضرورت کے باعث (د) شرحِ صدر اور دلیل واضح ہونے سے

سوال نمبر 3: روایت کے مطابق اگر لوگ بہت معمولی حقِ زکوٰۃ بھی روک لیں تو؟

(الف) نظر انداز کیا جائے (ب) صرف نصیحت کی جائے (ج) سخت تادیب کی جائے (د) روکنے پر کارروائی کی جائے

سوال نمبر 4: کھجور، گندم وغیرہ میں کم از کم کتنی مقدار پر زکوٰۃ واجب ہوتی ہے؟

(الف) تین اوسق (ب) چار اوسق (ج) پانچ اوسق (د) سات اوسق

سوال نمبر 5: ایک "وسق" کی مقدار کیا ہے؟

(الف) تیس صاع (ب) چالیس صاع (ج) پچاس صاع (د) ساٹھ صاع

سوال نمبر 6: چاندی / روپے میں زکوٰۃ کا کم از کم نصاب کس عددی حد کے قریب بیان ہوا؟

(الف) ہر تیس درہم (ب) ہر چالیس درہم (ج) ہر پچاس درہم (د) ہر ساٹھ درہم

سوال نمبر 7: خواتین کے زیورات کے بارے اہم ہدایت کیا آئی؟

(الف) زیور میں کبھی زکوٰۃ نہیں (ب) صرف نیا زیور ہو تو زکوٰۃ (ج) زیور نصاب کو پہنچے تو زکوٰۃ لازم (د) صرف فروخت پر زکوٰۃ

سوال نمبر 8: اونٹوں میں کب تک بکری دے کر زکوٰۃ ادا ہوتی ہے؟

(الف) پانچ سے چوبیس تک (ب) ایک سے دس تک (ج) دس سے بیس تک (د) بیس سے پچاس تک

سوال نمبر 9: اونٹ پچیس ہونے پر کیا زکوٰۃ لازم ہے؟

(الف) بکری (ب) دو بکریاں (ج) بنتِ مخاض (د) ابنِ لبون نر

سوال نمبر 10: مصدق (محصل) اگر لازم مقدار سے "زیادہ" مانگے تو کیا کیا جائے؟

(الف) خوش دلی سے زیادہ دے دیں (ب) آدھا دے دیں (ج) عذر پیش کریں (د) مقررہ حق ہی دیا جائے، زائد نہ دیا جائے

سوال نمبر 11: ابتدا میں صحابہ کرام کے لیے رات کو روزے کے دوران کب تک کھانا پینا اور ازدواجی تعلقات ممنوع ہو جاتے تھے؟

(الف) عشاء کے بعد نیند آتے ہی (ب) مغرب کے فوراً بعد (ج) سحری کے وقت (د) تہجد کے بعد

سوال نمبر 12: قیس بن صرمہ کے واقعے کے بعد کون سی آسانی نازل ہوئی؟

(الف) روزہ قضا لازم ہوئی (ب) کفارہ لازم ہوا (ج) روزہ ٹوٹ گیا (د) فجر تک کھانا پینا اور ازدواجی تعلقات جائز قرار پائے

سوال نمبر 13: گائے کی زکاۃ میں ہر چالیس پر کیا دیا جاتا ہے؟

(الف)مسنہ (ب)تبیع (ج)حِقَّہ (د)بکری

سوال نمبر14:حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کے مطابق "فدیہ" کی رخصت کن افراد کے لیے باقی رہی، جو روزہ رکھنے کی طاقت کے باوجود مشقت کی بنا پر روزہ نہ رکھ سکیں؟

(الف)جوان صحت مند افراد (ب)سفر کرنے والے (ج)تاجروں کے لیے (د)بوڑھے مرد و عورت

سوال نمبر15:حاملہ اور دودھ پلانے والی عورتیں کب روزہ چھوڑ کر فدیہ دے سکتی ہیں؟

(الف)جب اپنی صحت پر خوف ہو(ب)جب بچوں پر اندیشہ ہو (ج)صرف گرمیوں میں (د)صرف سفر میں

سوال نمبر16:چاند دکھائی دینے کے اصول کے مطابق رمضان شروع کرنے کی صحیح صورت کیا ہے؟

(الف)کیلنڈر کے مطابق (ب)نجومی حساب (ج)چاند کی رویت (د)مہینے کے اوسط دن

سوال نمبر17:"مہینہ کبھی29اور کبھی30دن کا ہوتا ہے"اس بیان کا عملی تقاضا کیا ہے؟

(الف)ہر بار30پورے کریں (ب)ہر بار29پر ختم کریں (ج)رویت پر عمل کریں (د)صرف حساب مانیں

سوال نمبر18:اگر انتیسویں شب چاند نظر نہ آئے اور کوئی رکاوٹ بھی نہ ہو تو اگلا دن کیا ہو گا؟(ابنِ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا عمل)

(الف)روزہ رکھیں (ب)عید کا دن نہیں؛ مگر نفلی روزہ رکھیں(ج)عام دن، روزہ نہ رکھیں (د)مہینہ 29کا مان لیں

سوال نمبر19:اگر چاند دیکھنے میں بادل یا دھند حائل ہو تو اگلا دن کیا کیا جاتا تھا؟(ابنِ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا عمل)

(الف)عید منالی جاتی تھی (ب)روزہ رکھا جاتا تھا (ج)فیصلہ مؤخر کرتے تھے (د)صرف شہر کے لوگ روزہ رکھتے تھے

سوال نمبر20:اللہ تعالیٰ نے روزے کے احکام میں آسانی کس وجہ سے عطا فرمائی؟

(الف)لوگوں کی خواہش کی (ب)امت پر مشقت کی (ج)آزمائش کی (د)فرشتوں کے مشورے کی

سوال نمبر21:"فدیہ:ایک مسکین کو کھانا" یہ ابتدائی رخصت کس باب سے متعلق تھی؟

(الف)اعتکاف (ب)زکوٰۃ (ج)روزہ (د)قربانی

سوال نمبر22:"فمن شهد منكم الشهر فليصمه" کے تقاضے کے مطابق کون شخص روزہ رکھے گا؟

(الف)جو بیمار ہو (ب)جو مسافر ہو (ج)جو مقیم اور تندرست ہو (د)جو روزہ توڑ بیٹھے

سوال نمبر23:حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کن کے ساتھ افطار کرتے تھے؟

(الف)اپنے گھر والوں کے ساتھ (ب)علماء کے ساتھ (ج)عام لوگوں کے ساتھ (د)صرف صحابہ کے ساتھ

سوال نمبر24:اگر کسی نے عشاء کے بعد نیند لے لی اور پہلے زمانے کے حکم کے مطابق کچھ کھا پی لیا اس کا نتیجہ کیا سمجھا جاتا تھا؟

(الف)کفارہ لازم (ب)قضا لازم (ج)نافلہ شمار (د)کوئی حکم نہیں

سوال نمبر25:"فدیہ کی آیت"کا حکم بعد میں کس آیت سے عمومی طور پر بدل دیا گیا؟

(الف)سفر کی رخصت والی آیت (ب)"جو ماہ کو پائے وہ روزہ رکھے"والی آیت(ج)تیمم والی آیت (د)حجِ قران والی آیت

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: سورۂ اَنفال کا نام "انفال" کیوں رکھا گیا؟

سوال نمبر 2: سورۂ توبہ کے آغاز میں بسم اللہ کیوں نہیں لکھی جاتی؟

سوال نمبر 3: سورۂ ہود کا مرکزی مضمون ایک جملے میں لکھیں۔

سوال نمبر 4: سورت کا نام "اعراف" رکھنے کی وجہ مختصراً بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: سورۂ یوسف کا نام "یوسف" رکھنے کی وجہ کیا ہے؟

سوال نمبر 6: سورۂ حجر کے نام کی مناسبت کس واقعے / قوم سے ہے؟

سوال نمبر 7: لفظِ "رعد" کس چیز کی طرف منسوب ہے؟

سوال نمبر 8: سورۂ یوسف کہاں نازل ہوئی اور اس میں رکوع و آیات کتنے ہیں؟

سوال نمبر 9: سورۃ انعام کی فضیلت پر کوئی ایک حدیث پاک نقل کیجئے۔

سوال نمبر 10: سورۃ آل عمران کا یہ نام کیوں رکھا گیا؟

سوال نمبر 11: دوسری مرتبہ کی توبہ کے بعد بنی اسرائیل سے کیا وعدہ ہوا؟

سوال نمبر 12: رات کو تاریک اور دن کو روشن بنانے کی حکمت کیا ہے؟

سوال نمبر 13: قتلِ ناحق کے معاملے میں قصاص کا حق کس کو ہے؟

سوال نمبر 14: نمازِ تہجد کی شرعی حیثیت نبی کریم ﷺ اور امت کے لیے کیا ہے؟

سوال نمبر 15: مقامِ محمود کیا ہے؟

سوال نمبر 16: سورۂ کہف کہاں نازل ہوئی، اس کے رکوع و آیات کی تعداد کیا ہے؟

سوال نمبر 17: آغازِ سورۂ کہف میں قرآن کے تین اوصاف کیا بیان ہوئے ہیں؟

سوال نمبر 18: حضرت یحییٰ علیہ السلام کے نام رکھنے میں کیا خاص امتیاز تھا، یہ فضیلت حضرت زکریا علیہ السلام کو کس موقع پر عطا ہوئی؟

سوال نمبر 19: حضرت جبریل علیہ السلام نے حضرت مریم رضی اللہ عنہا کو بے باپ فرزند کی خوشخبری میں کون سی دو حکمتیں بیان کیں؟

سوال نمبر 20: حملِ یحییٰ کی نشانی حضرت زکریا علیہ السلام کے لیے کیا مقرر ہوئی؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: سورۃ یونس کا مقام نزول، یونس نام رکھنے کی وجہ اور سورۃ کے مضامین بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: سورۂ اَنبیاء کے مرکزی مضامین تفصیل سے بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: کائنات کے فنا ہونے اور یوم قیامت مالکِ حقیقی کے سامنے پیش ہونے کی حقیقت کو دلائل کے ساتھ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: قیامت کے مناظرِ انجام (باعتبار جنت و دوزخ) کا خلاصہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: حضرت خضر علیہ السلام کی دیوار کی تعمیر کے واقعے سے یتیموں کے حقوق اور نیک والدین کے اثرات پر کیا روشنی پڑتی ہے؟

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: سورۂ فاتحہ اکثر علما کے نزدیک کہاں نازل ہوئی؟

(الف) مدینہ (ب) مکہ (ج) طائف (د) حبشہ

سوال نمبر 2: سورہ فاتحہ کو "اَلسَّبْعُ الْمَثَانِی" کہلانے کی وجہ کیا بیان ہوئی؟

(الف) سات منزلیں (ب) بار بار پڑھی جانے والی سات آیتیں (ج) سات سجدے (د) سات رکوع

سوال نمبر 3: سورہ بقرہ کا نام "بقرہ" رکھنے کی وجہ کیا ہے؟

(الف) قربانی کے احکام (ب) کھیتی کے مسائل (ج) بنی اسرائیل کی گائے کا واقعہ (د) ہجرتِ بنی اسرائیل

سوال نمبر 4: سورۂ بقرہ میں کتنے رکوع اور آیات ہیں؟

(الف) 30 رکوع، 286 آیات (ب) 40 رکوع، 286 آیات (ج) 40 رکوع، 200 آیات (د) 20 رکوع، 200 آیات

سوال نمبر 5: کس گھر سے شیطان بھاگتا ہے؟

(الف) جہاں سورۂ یٰس پڑھی جائے (ب) جہاں سورۂ بقرہ کی تلاوت ہو (ج) جہاں صرف نفل ہوں (د) جہاں اذان نہ ہو

سوال نمبر 6: سورۂ نساء کا مرکزی موضوع کیا ہے؟

(الف) جہادِ بدر کی تفصیل (ب) یتیموں اور عورتوں کے حقوق (ج) دسترخوان کا واقعہ (د) سیرتِ مریم و عیسیٰ

سوال نمبر 7: سورۂ مائدہ کا نام "مائدہ" رکھنے کی وجہ کیا ہے؟

(الف) گائے کا واقعہ (ب) آسمانی دسترخوان کے نزول کا واقعہ (ج) رُبا کی حرمت (د) ہجرتِ حبشہ کا ذکر

سوال نمبر 8: سورۂ اَنعام کا مرکزی مضمون کیا ہے؟

(الف) میراث کے تفصیلی احکام (ب) قبلہ کی تبدیلی (ج) توحید، رسالت اور آخرت پر دلائل (د) غزواتِ بدر و اُحد کے واقعات

سوال نمبر 9: سورۂ اَنعام میں رکوع اور آیات کی تعداد کیا ہے؟

(الف) 20 رکوع، 165 آیات (ب) 16 رکوع، 120 آیات (ج) 24 رکوع، 176 آیات (د) 30 رکوع، 200 آیات

سوال نمبر 10: سورۂ مائدہ میں رکوع اور آیات کی تعداد کیا ہے؟

(الف) 24 رکوع، 176 آیات (ب) 16 رکوع، 120 آیات (ج) 20 رکوع، 165 آیات (د) 40 رکوع، 286 آیات

سوال نمبر 11: حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا: اگر میں چاہوں تو سورۃ الفاتحہ کی تفسیر سے کیا کر سکتا ہوں؟

(الف) کئی کتابیں لکھ دوں (ب) قرآن سمجھا دوں (ج) ستر اونٹ بھر دوں (د) سب کو حافظ بنا دوں

سوال نمبر 12: سورۂ نساء کہاں نازل ہوئی؟

(الف) مکہ مکرمہ (ب) مدینہ منورہ (ج) طائف (د) حبشہ

سوال نمبر13: تفسیرِ بیضاوی کے مطابق سورۂ بنی اسرائیل کیا ہے؟

(الف) مکمل مدنی (ب) مکمل مکی (ج) نصف مکی نصف مدنی (د) غالب مدنی

سوال نمبر14: سورۃ بنی اسرائیل کو "بنی اسرائیل" کہنے کی وجہ کیا ہے؟

(الف) ہجرت کا بیان (ب) غزوات کی تفصیل (ج) بنی اسرائیل کے عروج وزوال کی تفصیل (د) میراث کے احکام

سوال نمبر15: نبی کریم ﷺ سونے سے پہلے کن دو سورتوں کی تلاوت فرماتے تھے؟

(الف) یٰس، ملک (ب) کہف، مریم (ج) بنی اسرائیل، زمر (د) رحمن، واقعہ

سوال نمبر16: اسراء ومعراج کے بارے میں جمہور اہلِ اسلام کا موقف کیا ہے؟

(الف) صرف خواب (ب) بیداری میں جسم وروح کے ساتھ (ج) صرف روحانی (د) محض تمثیل

سوال نمبر17: دوسری بار بنی اسرائیل کے فساد پر ان پر کون مسلط کیے گئے؟

(الف) اہلِ فارس وروم (ب) حبشی (ج) قریش (د) نبطی

سوال نمبر18: بنی اسرائیل پر مسلط اقوام نے بیت المقدس کے ساتھ کیا کیا؟

(الف) آباد کیا (ب) ویران کیا اور شہر تباہ کیے (ج) حصار بڑھایا (د) کچھ نہ کیا

سوال نمبر19: زمانۂ نبوی میں یہودیوں پر ذلت کس وجہ سے مسلط کی گئی؟

(الف) تکذیبِ رسول ﷺ (ب) سود چھوڑ دینا (ج) کثرتِ صدقہ (د) ہجرت مدینہ

سوال نمبر20: کفار قرآن کیوں سنتے تھے؟

(الف) ہدایت کے لیے (ب) تمسخر وتکذیب کے لیے (ج) تجارت کے لیے (د) نیند کے لیے

سوال نمبر21: قرآن کس راستے کی طرف رہنمائی کرتا ہے؟

(الف) صراطِ مستقیم (ب) قوم پرستی (ج) محض دنیاوی ترقی (د) فلسفۂ یونان

سوال نمبر22: غربت کے ڈر سے اولاد کو قتل کرنے کا حکم کیا ہے؟

(الف) جائز (ب) مستحب (ج) کبیرہ گناہ (د) مکروہ

سوال نمبر23: قصاص کس سے لیا جائے؟

(الف) قاتل سے ہی (ب) قاتل کے قبیلے سے (ج) مقتول کے پڑوسی سے (د) جس سے چاہیں

سوال نمبر24: ولیِ مقتول کا اختیار کیا ہے؟

(الف) قصاص یا معافی (ب) صرف معافی (ج) صرف دیت (د) کوئی اختیار نہیں

سوال نمبر25: قومِ لوط کی مثال سے کون سا عذاب بتایا گیا؟

(الف) پتھروں کی بارش (ب) ٹڈی دل (ج) خون کی بارش (د) دھواں

KANZ-UL-MADARIS BOARD

سالانہ امتحان 2026ء/1447ھ

کنزالمدارس بورڈ

درجہ: کلیۃ الشریعۃ سمسٹر 5 | پرچہ: پانچواں | مضمون: علوم الفقہ

تاریخ: 27-01-2026 | دن: منگل | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75

رول نمبر: _____

جوابی کاپی نمبر: _____

حصہ انشائیہ

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: قیاس کے ارکان میں کون کون سے اجزاء شامل ہوتے ہیں اور ان کی مختصر وضاحت کریں؟

سوال نمبر 2: محض نام یا عنوان کی بنیاد پر احکام کو دوسرے موارد تک پھیلانا کیوں درست نہیں؟

سوال نمبر 3: فرع تک حکم منتقل کرتے وقت "عذر کے درجے" کا لحاظ کیوں ضروری ہے؟

سوال نمبر 4: قیاس کا رکن کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 5: وصفِ صالح (ملائم) سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 6: ملائمت ثابت ہونے کے بعد "عدالت" یعنی اثر کیوں لازم ہے؟

سوال نمبر 7: علت کے ثبوت میں "اثر" کی قوت کی بنا پر استحسان اور قیاس میں ترجیح کیسے طے ہوتی ہے؟

سوال نمبر 8: فقہاء نے "صدقِ شہادت" اور "ظہورِ اثر" کے درمیان کیا مشابہت بیان کی ہے؟

سوال نمبر 9: سجودِ تلاوت کے بارے میں فقہاء کا کیا اصولی مؤقف ہے اور اس میں قیاس کیسے استعمال ہوتا ہے؟

سوال نمبر 10: قبضہ سے پہلے ثمن میں اختلاف ہو جائے تو بیچنے والے سے قسم لینے کا حکم قیاس اور استحسان کے اعتبار سے کیوں مختلف ہے؟

سوال نمبر 11: فقہ حنفی میں علت کے انعدام کو حکم کے انعدام سے کیسے مربوط کیا جاتا ہے؟

سوال نمبر 12: فقہائے احناف اور شوافع میں تعلیل اور اس کی تعدیہ کے بارے میں بنیادی اختلاف کیا ہے؟

سوال نمبر 13: استحسان کو "خصوصِ علت" کے باب سے خارج کیوں قرار دیا گیا ہے؟

سوال نمبر 14: "عدمِ حکم لعدمِ علت" کا قاعدہ کیا بتاتا ہے؟

سوال نمبر 15: اگر روزے دار کے حلق میں پانی ڈال دیا جائے تو صوم کے حکم پر کیا اثر پڑتا ہے اور اس کی علّت کیا بیان کی گئی ہے؟

سوال نمبر 16: "شرعی دلیل لازماً علم یا عمل پیدا کرتی ہے" اس قاعدے کی روشنی میں بتائیں کہ منصوص مسئلے میں تعلیل کا مفید پہلو کیا باقی رہتا ہے؟

سوال نمبر 17: جو تعلیل آگے نہیں پھیلتی وہ "اختصاصِ حکم" میں کیا فائدہ دیتی ہے؟

سوال نمبر 18: زکوٰۃ میں بدلے (استبدال) کی اجازت کا مبنیٰ کیا بیان ہوا ہے؟

سوال نمبر 19: پانی، تکبیر اور روزہ ٹوٹنے کی مثالوں میں "سبب" اور "آلہ" کی نسبت سے کیا قاعدہ سمجھایا گیا ہے؟

سوال نمبر 20: حنفی منہج کے نزدیک قیاس کا اصل اثر "تعدیہ" کیوں مانا گیا ہے؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: متن کے مطابق محض ظاہری مناسبت رکھنے والی دلیل کے رد کے چار طریقے ہیں۔ چاروں کی تعریفیں لکھیں۔

سوال نمبر 2: ممانعت کے چار درجوں کو واضح کیجئے اور ساتھ امثلہ بھی ذکر کیجئے۔

سوال نمبر 3: "عدمِ حکم لعدمِ علّت" کا قاعدہ کیسے لاگو ہوتا ہے نیز اس قاعدے پر وارد اعتراضات کو کیسے دفع کیا جاتا ہے؟

سوال نمبر 4: دلائل کے معارضہ میں "قلب" کے دونوں طریقوں کی تعریف اور طریقۂ کار لکھیں۔

سوال نمبر 5: سبب، علّت، شرط اور علامت کے باہمی فرق کو اصولی انداز میں واضح کیجئے۔

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: قیاس کا لغوی معنی کیا ہے؟

(الف) اندازہ لگانا (ب) بیان کرنا (ج) یاد رکھنا (د) سنانا

سوال نمبر 2: اصطلاح میں قیاس کیا ہے؟

(الف) نئی عبادت وضع کرنا (ب) اصل سے فرع کا حکم نکالنا (ج) روایت کی سند جانچنا (د) لغت کی تحقیق کرنا

سوال نمبر 3: وہ اصل جس پر استثنائی طور پر خاص حکم دیا گیا ہو، اس پر قیاس کا حکم کیا ہے؟

(الف) جاری ہو گا (ب) محدود طور پر ہو گا (ج) نہیں ہو گا (د) عرف پر موقوف

سوال نمبر 4: قیاس کے لیے یہ بھی شرط ہے کہ فرع میں کون سی چیز پائی جائے؟

(الف) زیادہ گواہ (ب) وہی موثر علت (ج) قاضی کی رائے (د) معروف نام

سوال نمبر 5: نماز میں بلند آواز سے ہنسنے کی وجہ سے وضو ٹوٹنا کس قسم کا حکم ہے؟

(الف) قیاس کے مطابق (ب) نص کے خلاف (ج) مخصوص حکم (د) اجتہادی حکم

سوال نمبر 6: قیاس میں اصل کے حکم کو فرع تک منتقل کرنے کی بنیاد کیا ہے؟

(الف) نام کا اشتراک (ب) علت یا مناسب علت کا اشتراک (ج) تعدادِ روات (د) مقامِ روایت

سوال نمبر 7: قیاس میں حکم کو فرع تک پہنچانے کے لیے بنیادی تقاضا کیا ہے؟

(الف) فرع میں بھی وہی علت پائی جائے (ب) فرع میں زیادہ گواہ ہوں (ج) فرع میں عرف غالب ہو (د) فرع میں نیت بدل دی جائے

سوال نمبر 8: کسی لفظی نام یا محض عنوان کو بنیاد بنا کر حکم پھیلانا درست کیوں نہیں؟

(الف) کیونکہ نام شرعی حکم نہیں ہوتا (ب) کیونکہ اس سے اجماع ٹوٹ جاتا ہے

(ج) کیونکہ روایت کمزور ہو جاتی ہے (د) کیونکہ لغت مانع ہے

سوال نمبر 9: ایسی تبدیلی جو اصل میں مقررہ حد کو فرع میں ختم کر دے، اسے قیاس میں کیوں قبول نہیں کیا جاتا؟

(الف) کیونکہ حد ہمیشہ ختم ہونی چاہیے (ب) کیونکہ یہ حکم کی غایت بدل دیتی ہے

(ج) کیونکہ یہ نیت کے خلاف ہے (د) کیونکہ یہ عرف کے مطابق ہے

سوال نمبر 10: اس قیاس کی کیا حیثیت ہے جو کم درجہ عذر والے معاملے کو زیادہ درجہ عذر والے کے برابر کر دے؟

(الف) اولیٰ (ب) راجح (ج) مردود (د) لازم

سوال نمبر 11: جس مقام پر خود نص میں تبدیلی (یا تخصیص) وارد ہو، وہاں قیاس کی کیا حیثیت رہتی ہے؟

(الف) قیاس اصل بنا رہتا ہے (ب) قیاس کے بجائے نص مقدم رہتا ہے

(ج) دونوں ترک کر دیے جاتے ہیں (د) عرف کو نص پر مقدم کیا جاتا ہے

سوال نمبر 12: قیاس کی شرط ہے کہ اصل کا حکم تعلیل کے بعد بھی اپنی جگہ برقرار رہے۔ اس اصول کا مقصد کیا ہے؟

(الف) رائے کو نص پر غالب کرنا (ب) نصی حکم کو رائے سے نہ بدلنا (ج) عرف کو کلیۃً ختم کرنا (د) اجماع کو توڑ دینا

سوال نمبر 13: اگر کسی معاملے میں نص نے خود ایک حالت میں تبدیلی کی اجازت دے دی ہو، تو قیاس اس کے بارے میں کیا رخ اختیار کرتا ہے؟

(الف) نص کے ساتھ مل کر معنی واضح کرتا ہے (ب) نص کے خلاف نیا حکم بناتا ہے
(ج) نص کو معطل کر دیتا ہے (د) عرف پر چھوڑ دیتا ہے

سوال نمبر 14: صدقات کے مصرف میں قیاس کس پہلو پر دلالت کرتا ہے؟
(الف) محض نام بدلنے پر (ب) مستحق تک پہنچانے کی صلاحیت پر (ج) صرف مقامی عرف پر (د) صرف قاضی کے فیصلے پر

سوال نمبر 15: وعدہ پورا کرنے کے باب میں اموال کی تبدیلی (بدلے کی اجازت) کا اصول کس بنیاد پر سمجھا جاتا ہے؟
(الف) چونکہ ہر وعدہ لازم نہیں (ب) چونکہ نص نے ادائیگی کے مقصود تک پہنچنے کی راہ کھولی
(ج) چونکہ عرف ہمیشہ غالب ہے (د) چونکہ نیت کافی ہے

سوال نمبر 16: قیاس میں نجاست دور کرنے کی مثال کس اصول یا نکتے کو واضح کرتی ہے؟
(الف) اصل کی نفی (ب) آلہ کی صلاحیت (ج) نیت کی تفصیل (د) عرف کی تخصیص

سوال نمبر 17: تکبیر کی مثال قیاس میں کیا بتاتی ہے؟
(الف) زبان کا عمل تعظیم کا ذریعہ بن سکتا ہے (ب) نیت کے بغیر عبادت نہیں
(ج) جماعت لازم ہے (د) سنت مؤکدہ ساقط ہے

سوال نمبر 18: اگر قیاس کی وجہ سے اصل کا حکم بدل جائے تو کیا ہوگا؟
(الف) قیاس درست ہے (ب) قیاس باطل ہے (ج) قیاس کمزور ہے (د) قیاس اجماعی ہے

سوال نمبر 19: جب تعلیل سے کسی چیز کی موزونیت واضح ہو جائے تو بعد میں اس موزونیت کا اصول کیا رہتا ہے؟
(الف) ختم ہو جاتا ہے (ب) بدل جاتا ہے (ج) برقرار رہتا ہے (د) تعطل میں چلا جاتا ہے

سوال نمبر 20: قیاس میں اصل کے ساتھ فرع کی مناسبت کس بنیاد پر معتبر ہے؟
(الف) محض نام کے اشتراک پر (ب) حکم کی حکمت یا علت کے اشتراک پر
(ج) سند کی تعداد پر (د) قاضی کی ذاتی رائے پر

سوال نمبر 21: جس جگہ نص نے واضح تبدیلی خود متعین کر دی ہو، وہاں قیاس کی کیا ذمہ داری ہے؟
(الف) اسی تبدیلی کی تشریح کرنا (ب) نئی تبدیلی متعین کرنا (ج) تبدیلی ختم کرنا (د) عرف پر چھوڑ دینا

سوال نمبر 22: قیاس کے ردّ و دفع کے اسباب بیان کرنے کا بنیادی مقصد کیا ہے؟
(الف) قیاس کو ہر حال میں لازمی قرار دینا (ب) قیاس کی حدود اور ناقابلِ اطلاق صورتیں واضح کرنا
(ج) نصوص کی ضرورت ختم کرنا (د) اجماع کی جگہ لینا

سوال نمبر 23: اصل میں وارد استثنا سے کیا اصول مستنبط ہوتا ہے؟
(الف) استثنا غیر معتبر ہے (ب) استثنا عموم پر دلالت کرتا ہے (ج) استثنا دلیل نہیں (د) استثنا ہمیشہ عرفی ہوتا ہے

سوال نمبر 24: نجاست کے ازالے میں "پانی بطور آلہ" کی مثال قیاس کے کس پہلو کو واضح کرتی ہے؟
(الف) علتِ موثرہ اور وسیلہ کی تمیز (ب) نیت کی شرط (ج) جماعت کی شرط (د) عرف کی تخصیص

سوال نمبر 25: مجموعی طور پر قیاس کی غرض کیا ہے؟
(الف) نص سے بے نیازی (ب) نظائر کے درمیان منظم ربط سے احکام تک پہنچنا
(ج) تمام اختلافات ختم کرنا (د) صرف تاریخی مثالیں جمع کرنا